OPEN ACCESS
Al-Qamar
ISSN (Online): 2664-4398
ISSN (Print): 2664-438X
www.alqamarjournal.com



# کتبِ حدیث میں مرویاتِ صوفیہ کی تنقیح و تحکیم

# Verification and Authentication of Sufi Narrations in Hadith Literature

**Hafsah Arif**
*Doctoral Candidate, Islamic Studies, Department of Islamic Studies, Govt. College University Faisalabad*
Hafsah.arif.9211@gmail.com
**Prof. Dr. Humayun Abbas Shams**
*Dean, Faculty of Islamic and Oriental Learning, Govt. College University Faisalabad*
drhumayunabbas@gcuf.edu.pk

## Abstract

The preservation and documentation of the teachings of the Prophet Muhammad (peace be upon him) have remained a central scholarly pursuit across the centuries. Leading this endeavor were not only the eminent scholars of Hadith but also experts from diverse fields who contributed significantly within their expertise. Among them was a group of revered Sufis who diligently acquired Hadith knowledge under the guidance of their teachers and also got permission to narrate authentic, directly transmitted (marfu' muttasil) Hadiths from them. These Sufis integrated such narrations into their teachings, sermons, and written works. A significant number of these Sufis are referenced in major Hadith compilations, with their narrations documented through their chains of authority by prominent Hadith scholars. Foundational Hadith sources, including the Sahih Sitta, Musnad al-Darimi, Sunan al-Darimi, Musannaf Ibn Abi Shaybah, Musannaf Abdal-Razzaq, Musnad Ahmad, Musnad Ishaq ibn Rahawayh, and Mustadrak Hakim, among others, incorporate narrations from Sufis, as documented by leading Hadith authorities. Subsequent Hadith scholars further affirmed the reliability of these transmission chains. This study will concisely examine the biographies of selected Sufi scholars from the first to the tenth Hijri century and evaluate the perspectives of Hadith scholars on their trustworthiness, affirming the authenticity of their narrations. Furthermore, the refinement and

CC BY

validation of these narrated Hadiths, along with their chains of transmission, will be thoroughly executed.

**Keywords**: Sufi narrations, Hadith literature, authentication, chains of transmission, validation, Sufi scholars

**تمہید**

نبی آخرالزماں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمودات کو محفوظ و مدون کرنے اور ان کی ترویج و اشاعت میں ہر صدی میں امتِ مسلمہ کے محدثین نے گراں قدر خدمات انجام دیتے رہے ہیں اور ہر صدی میں ان ائمہ حدیث کی خدمات کو سراہا گیا ہے۔نہ صرف محدثین نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ فرامین کو محفوظ و مدون کیا بلکہ ہر فن کے ماہرین اس میں پیش پیش رہے۔انہوں نے نہ صرف اپنے مشائخ سے حدیث کا سماع کیا بلکہ ان سے باقاعدہ اسانید بھی حاصل کیں۔ ان اسانید کے ساتھ ان ائمہ کرام نے اپنی کتب میں احادیث کو درج کیا۔ انہی میں سے ایک جماعت صوفیہّ کرام کی ہے جنہوں نے نہ صرف باقاعدہ محدثین کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا بلکہ ان سے احادیث کا سماع کرتے ہوئے باقاعدہ ان سے احادیث روایت کرنے کی اجازت بھی حاصل کی۔جنہیں بعد میں صوفیہّ کرام نے اپنی اسانید کے ساتھ روایت کیا۔ ان کی یہ مرویات کتبِ حدیث کی زینت بنیں۔محدثین کرام کی کثیر تعداد نے صوفیہّ کی اسانید کے ساتھ روایات کو اپنی کتاب میں درج کیا جن میں سے اکثر و بیشتر صحاح ستہ،مسند دارمی، مؤطا، مصنف ابن ابی شیبہ،مسند احمد، مسند حمیدی، ،مسند اسحاق ابن راہویہ،مستدرک حاکم وغیرہ میں مذکور ہیں۔ یہ تمام کتب بنیادی ماخذ میں شمار ہوتی ہیں۔ جن صوفیہّ کرام کی مرویات کی تنقیح و تحکیم کرنا مقصود ہے ان میں درج ذیل شامل ہیں۔ابراہیم بن ادہمؒ(متوفی 161ھ)،عبداللہ ابن مبارکؒ (متوفی 181 ھ)، فضیل بن عیاضؒ (متوفی 187 ھ)،بشر حافیؒ(متوفی 224 ھ)،حاتم الاصمؒ (متوفی 287ھ) , ابو عبدالرحمن سلمیؒ(متوفی 412ھ)وغیر ھما کی مرویات شامل ہیں۔ صوفیہّ کرامؒ کی مرویات کو ائمہ جرح وتعدیل تنقیح و تحکیم کے اصول و قواعد کو مد نظر رکھتے ہوئے جانچ پڑتال کی ہے۔ لہذا اس فعل میں صوفیہّ کی مرویات مع اسانید کوصوفیہّ کے قواعد و ضوابط کے تحت پرکھا گیا ہے اور یہ ثابت کیا گیا ہے کہ یہ روایات کس حد تک معتبر ہیں۔ ان تمام کتب میں مذکور مرویات صوفیہّ کی تنقیح و تحکیم اس کے بعد انہیں مقبول قرار دیا گیا ہے۔ کتبِ احادیث میں محدثین کے منتخب کردہ/مروجہ کلماتِ ثقہ درج ذیل ہیں جن کی بنا پر وہ کسی بھی عالم کی ثقاہت کا اندازہ لگاتے ہوئے ان کی روایات کو قبولیت کا شرف بخشتے ہیں اور پھر قبولیت حدیث کے جو درجات ہیں اس کے تحت راوی حدیث کی شکایت کو پیش نظر رکھ حدیث کا درجہ معلوم کرتے ہیں۔چنانچہ محدثین کے مروجہ کلمات ثقہ درج ذیل ہیں:

i. **ثقہ ثقہ :**

محدثین نےثقاہت کے لیے جو درجات بیان کیے ہیں ان میں سےایک"ثقہ ثقہ "ہے۔ سؤالات ابی داؤد میں ابو داؤدنے فرمایا کہ میں نے "امام احمد" کو کہتے ہوئے سنا کہ حارث بن عمیر جو کہ اصحاب ایوب میں سے"ثقہ ثقہ "تھے۔[1] اسی طرح علی بن مدینی نے موسیٰ بن طلحہ کو"ثقہ ثقہ "کہا ہے۔[2]

ii. **ثقہ :**

"ثقہ ثقہ" کے بعد ایک اور درجہ جو محدثین کے ہاں رائج ہے وہ"ثقہ "ہے۔ابو جعفر عقیلی نے اپنی کتاب "الضعفاء الکبیر"میں محدثین کے درجات بیان کرتے ہوئے انہیں مختلف مقامات پر"ثقہ "کہا ہے جیسا کہ ربیع بن عبداللہ بن خطاف کے بارے میں کہا کہ میرے نزدیک وہ حدیث میں ثقہ ہیں۔[3] اسی طرح ابن ابی حاتم نے محمد بن عباد بن جعفر، محمد بن جعفر بن زبیر کو"ثقہ "قرار دیا ہے۔[4]

iii. **ثبت/ثقہ ثبت :**

ائمہ حدیث نے بعض محدثین کے لیے جہاں"ثبت"کے الفاظ بھی بیان کیے ہیں۔ جیسا کہ ابن ابی حاتم نے اللیث کے بارے میں "ثقہ ثبت"کے الفاظ استعمال کیے ہیں۔[5] ابو عبدالرحمن سلمیؒ نے دارقطنی سے محمد بن عبداللہ بن عبدان سوسی کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے کہا کہ وہ ثقہ ثبت ہیں۔[6]

iv. **ثقہ حافظ :**

محدثین کے ہاں ثقاہت کے لیے ایک درجہ جو رائج تھا وہ" ثقہ حافظ " ہے۔ جیسا کہ امام دار قطنی نے ابو عبداللہ جعفر نے نیشاپوریؒ کے بارے کہا کہ وہ" ثقہ حافظ " ہیں۔[7]

v. **صدوق :**

محدثین کے ہاں ثقاہت راوی کے لیے جو درجات رائج ہیں ان میں سے ایک "صدوق" بھی ہے۔جیسا کہ عقیلی نے عبداللہ بن موسی کے نام کے ساتھ "صدوق" کا لفظ استعمال کیا ہے۔[8] نیز ابن ابی حاتم نے محمد بن جعفر کے بارے میں ابوزرعہ سے دریافت کیا تو انہوں نے کہا کہ وہ "صدوق"ہیں۔[9]

vi. **صالح الحدیث :**

ائمہ محدثین،رواۃ حدیث کی نقاہت کے لیے"صالح الحدیث"کی اصطلاح کا بھی استعمال کرتے ہیں۔ جیسا کہ ابو داؤد سجستانیؒ نے امام احمد بن حنبلؒ سے اسماعیل بن سالمؒ کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب میں کہا کہ وہ "صالح الحدیث" ہیں۔[10]

ان تمام اصطلاحات کا استعمال ائمہ حدیث کے ہاں موجودہے ۔جیسا کہ ابی ذرعہ کی "کتاب الضعفاء" میں،امام ترمذی کی کتاب"سنن ترمذی"و "علل الکبیر"میں،ابن ابی عاصم کی"السنۃ"میں، ابن حبان نے اپنی تصنیف"الثقات"میں، امام حاکم کی"سؤالات الحاکم"،جمال الدین مزی کی"تھذیب الکمال"، ابن حجر کی"تقریب التھذیب" و"تھذیب التھذیب"اور شمس الدین ذھبی کی"سیر اعلام النبلاء"میں محدثین کے رائج درجات ثقاہت کو بیان کیا گیا ہے۔ پس صوفیہؒ کے احوال میں محدثین ومؤرخین نے جو الفاظ ان کی ثقاہت کے لیے استعمال کیے پس اس کے پیشِ نظر صوفی محدثین کے احوال میں درج کیا ہے۔ذیل میں ان صوفی محدثین کی مرویات مع اسناد کی تحکیم درج کی گئی ہیں جن کی تعداد تو بہت زیادہ ہے لیکن طوالت کے پیشِ نظر ان میں سے چند درج ذیل ہیں۔

**أ. مرویاتِ ابراہیم بن ادہمؒ(متوفی۱۶۱ھ)**

ابراہیم بن ادہمؒ کا شمار جلیل القدر صوفیہؒ اور ائمہ حدیث میں ہوتا ہے۔ آپؒ کو محدثین نے ثقہ قرار دیا ہے اور آپ کی روایات کو قبولیت کا شرف بخشا ہے۔آپؒ کا پورا نام ابو اسحاق ابراہیم بن منصور بن زید جابر العجلی ہے۔آپؒ کا تعلق خراسان کے علاقے بلخ سے تھا بعد میں شام میں سکونت اختیار کی۔آپؒ نے تابعین کی ایک جماعت سے روایت کی ہے جیسے یحیی بن سعید الانصاریؒ، سعید بن مرزبانؒ،ابو اسحاق السبیعیؒ،ابو حازمؒ، قتادہؒ، مالک بن دینارؒ، اعمش،مقاتل بن حیان نبطیؒ اورابانؒ وغیرہ شامل ہیں نیز آپؒ نےسفیان ثوری سے بھی روایت کیا اور سفیان ثوری نے بھی آپؒ سے روایت کیا ہے آپؒ نے161 ھ میں وفات پائی۔[11]

آپؒ کی محدثانہ بصیرت اور آپ کے ثقہ ہونے کے حوالے سے ائمہ محدثین کی مختلف آراء ہیں جیسا کہ علی بن المدینی اور عجلی نے آپ کو ثقہ قرار دیا۔[12] اسی طرح جب ابو عبدالرحمن سلمیؒ نے دار قطنیؒ سے ابراہیم بن ادہمؒ کے بارے میں دریافت کیا انہوں نے جواب دیا، اگر ان سے کوئی ثقہ راوی روایت کرے تو ان کی حدیث صحیح ہے۔[13] امام بخاریؒ نے کہا کہ آپؒ، منصور سے روایت کرتے تھے اور آپؒ کی حدیث مرسل ہوتی ہے۔[14] امام نسائیؒ نے آپؒ کو ثقہ،قابل اعتماد اور زہاد میں گردانا ہے۔[15] کسی نے بھی آپ کو غیر ثقہ قرار نہیں دیا۔سب نے آپ کے لیے کلماتِ ثقاہت ہی کہے۔ان کی مرویات مع اسانید و تحکیم درج ذیل ہیں:

1. وَثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَعْقُوبَ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ الْبَلْخِيُّ، قَالَا: ثَنَا مُوسَى بْنُ مَرْوَانَ، ثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَدْهَمَ، عَنْ مُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: «رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ» فَقُلْتُ لِجَرِيرٍ: أَبَعْدَ نُزُولِ الْمَائِدَةِ؟ فَقَالَ: «إِنَّمَا أَسْلَمْتُ بَعْدَ نُزُولِ الْمَائِدَةِ»[16]

**حکم:**

☆ یہ حدیث متفق علیہ ہے جس میں الفاظ کا قدرے فرق پایا جاتا ہے۔

☆ صحیح بخاری میں یہ روایت درج ذیل سند اور الفاظ کے ساتھ منقول ہے:

حَدَّثَنَا آدَمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الأَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ، يُحَدِّثُ عَنْ هَمَّامِ بْنِ الحَارِثِ، قَالَ: رَأَيْتُ جَرِيرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ «بَالَ، ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى» فَسُئِلَ، فَقَالَ: «رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ مِثْلَ هَذَا» قَالَ إِبْرَاهِيمُ: «فَكَانَ يُعْجِبُهُمْ لِأَنَّ جَرِيرًا كَانَ مِنْ آخِرِ مَنْ أَسْلَمَ»[17] امام بخاری نے دوسرے مقام پر یہ حدیث سعد بن ابی وقاص سے بھی بیان کی ہے۔[18]

☆ صحیح مسلم میں یہ روایت درج ذیل سند اور الفاظ کے ساتھ منقول ہے:

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ، وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، وَأَبُو كُرَيْبٍ، جَمِيعًا عَنْ أَبِي مُعَاوِيَةَ ح، وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، وَوَكِيعٌ - وَاللَّفْظُ لِيَحْيَى - قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ هَمَّامٍ، قَالَ: بَالَ جَرِيرٌ، ثُمَّ تَوَضَّأَ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، فَقِيلَ: تَفْعَلُ هَذَا؟ فَقَالَ: نَعَمْ، «رَأَيْتُ

رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَالَ، ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ». قَالَ الْأَعْمَشُ: قَالَ إِبْرَاهِيمُ: «كَانَ يُعْجِبُهُمْ هَذَا الْحَدِيثُ لِأَنَّ إِسْلَامَ جَرِيرٍ، كَانَ بَعْدَ نُزُولِ الْمَائِدَةِ».[19] امام مسلم نے دوسرے مقام پر یہ حدیث بلالؓ کی سند کے ساتھ بیان کی ہے۔[20]

☆ امام ترمذی نے جریر بن عبداللہ کی سند کے ساتھ یہ مروی حدیث کو حسن صحیح جب کہ علامہ البانی نے اس پر صحیح کا حکم لگایا ہے۔[21]

**.2** أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَارَكٍ الْهَرَوِيُّ، إِجَازَةً ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلِ بْنِ أَبَانَ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا قَطَنُ بْنُ صَالِحٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ أَدْهَمَ، وَالْأَوْزَاعِيُّ، كُلُّهُمْ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: «إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ، وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ فَهِجْرَتُهُ إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى دُنْيَا يُصِيبُهَا أَوِ امْرَأَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ»[22]

**حکم:**

☆ یہ روایت متفق علیہ ہے۔

☆ صحیح بخاری میں یہ حدیث درج ذیل سند کے ساتھ منقول ہے:

حَدَّثَنَا الحُمَيْدِيُّ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الزُّبَيْرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الأَنْصَارِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَلَى المِنْبَرِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ، وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى دُنْيَا يُصِيبُهَا، أَوْ إِلَى امْرَأَةٍ يَنْكِحُهَا، فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ»[23] اس کے علاوہ دیگر مقامات پر بھی یہ روایت مذکور ہے۔[24]

☆ صحیح مسلم میں یہ حدیث درج ذیل سند کے ساتھ منقول ہے:

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ، وَإِنَّمَا لِامْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى اللهِ وَرَسُولِهِ، فَهِجْرَتُهُ إِلَى اللهِ وَرَسُولِهِ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ لِدُنْيَا يُصِيبُهَا أَوِ امْرَأَةٍ يَتَزَوَّجُهَا، فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ»[25]

☆ امام ترمذی نے یہ روایت یوں نقل کی ہے:

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ، وَإِنَّمَا لِامْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى اللَّهِ وَإِلَى رَسُولِهِ، فَهِجْرَتُهُ إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى دُنْيَا يُصِيبُهَا، أَوْ امْرَأَةٍ يَتَزَوَّجُهَا، فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ»[26]

☆ امام ترمذی نے اس حدیث کو صحیح حسن قرار دیا ہے۔ جب کہ البانی نے اس پہ صحیح کا حکم لگایا ہے۔[27]

**.3** أَخْبَرَنَا أَبُو حَفْصٍ عُمَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ النُّوبِيُّ، ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى التِّنِّيسِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجَزَرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَدْهَمَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «أَمَا يَخْشَى الَّذِي يَرْفَعُ رَأْسَهُ قَبْلَ الْإِمَامِ أَنْ يُحَوِّلَ اللَّهُ رَأْسَهُ رَأْسَ حِمَارٍ»[28]

**حکم:**

☆ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

☆ امام بخاری نے یہ حدیث درج ذیل سند کے ساتھ نقل کی ہے:

حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " أَمَا يَخْشَى أَحَدُكُمْ - أَوْ: لَا يَخْشَى أَحَدُكُمْ - إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ قَبْلَ الإِمَامِ، أَنْ يَجْعَلَ اللَّهُ رَأْسَهُ رَأْسَ حِمَارٍ، أَوْ يَجْعَلَ اللَّهُ صُورَتَهُ صُورَةَ حِمَارٍ "[29]

☆ صحیح مسلم میں یہ حدیث درج ذیل سند کے ساتھ منقول ہے:

حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، وَأَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، كُلُّهُمْ عَنْ حَمَّادٍ، قَالَ: خَلَفٌ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «أَمَا يَخْشَى الَّذِي يَرْفَعُ رَأْسَهُ قَبْلَ الْإِمَامِ، أَنْ يُحَوِّلَ اللهُ رَأْسَهُ رَأْسَ حِمَارٍ ؟»[30]

☆ امام ترمذی نے یہ حدیث اس سند کے ساتھ نقل کی ہے:

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «أَمَا يَخْشَى الَّذِي يَرْفَعُ رَأْسَهُ قَبْلَ الإِمَامِ أَنْ يُحَوِّلَ اللَّهُ رَأْسَهُ رَأْسَ حِمَارٍ»، قَالَ قُتَيْبَةُ: قَالَ حَمَّادٌ: قَالَ لِي مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ: إِنَّمَا قَالَ: «أَمَا يَخْشَى» [31]

☆ اس حدیث کو امام ترمذی نے حسن صحیح قرار دیا نیز محمد بن زیاد کو ثقہ قرار دیا ہے۔[32]

**4.** أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَارِثِ، ثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْزَةَ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ حَبِيبٍ، ثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَجْلَانَ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَدْهَمَ، عَنْ مُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «الصَّلَاةُ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ مِائَةُ أَلْفِ صَلَاةٍ، وَالصَّلَاةُ فِي مَسْجِدِي عَشَرَةُ آلَافِ صَلَاةٍ، وَالصَّلَاةُ فِي مَسْجِدِ الرِّبَاطَاتِ أَلْفُ صَلَاةٍ» [33]

**حکم:**

☆ یہ حدیث معنوی اعتبار سے صحیح و متفق علیہ ہے۔

☆ الفاظ کے معمولی فرق کے ساتھ جابر بن عبد اللہؓ سے مروی، یہ روایت مسند احمد میں یوں مذکور ہے:

حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ، وَعَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخَطَّابِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ يَعْنِي ابْنَ عَمْرٍو الرَّقِّيَّ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا أَفْضَلُ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ، إِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ، وَصَلَاةٌ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ أَفْضَلُ مِنْ مِائَةِ أَلْفِ صَلَاةٍ "، قَالَ حُسَيْنٌ: فِيمَا سِوَاهُ[34]

☆ مسند احمد میں مذکورہ حدیث کو شعیب الارنؤوط نے صحیح الاسناد قرار دیا ہے۔[35] دوسرے مقام پر انہوں نے امام بخاری کی شرط پر اس کی سند کو صحیح قرار دیا ہے۔[36]

☆ صحیح بخاری میں یہ روایت اس سند اور متن کے ساتھ منقول ہے:

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ رَبَاحٍ، وَعُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ الأَغَرِّ، عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ الأَغَرِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ، إِلَّا المَسْجِدَ الحَرَامَ» [37]

☆ صحیح مسلم میں یہ روایت یوں منقول ہے:

حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ، وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، وَاللَّفْظُ لِعَمْرٍو، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا أَفْضَلُ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ، إِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ» [38] اس کے علاوہ دیگر مقامات پر بھی منقول ہے۔[39]

☆ تاریخ دمشق میں ابراہیم بن ادہمؒ کی سند کے ساتھ یہ روایت منقول ہے۔[40]

**5.** حَدَّثَنَا هَيْثَمُ بْنُ خَلَفٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ، نَا حَاجِبُ بْنُ الْوَلِيدِ، نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَدْهَمَ، عَنْ مُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبَ، قَالَ: قُلْتُ لِأُمِّ سَلَمَةَ: مَا كَانَ أَكْثَرُ دُعَاءِ النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَتْ:«يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ، ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دَيْنِكَ» ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا أَكْثَرَ دُعَاءَكَ هَذَا قَالَ:«إِنَّ الْقُلُوبَ بَيْنَ أُصْبُعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ الرَّحْمَنِ، مَا شَاءَ أَزَاغَ، وَمَا شَاءَ أَقَامَ»[41]

**حکم:**

☆ یہ روایت مختلف طرق سے الفاظ کے قدرے فرق کے ساتھ بنیادی کتبِ حدیث میں منقول ہے۔

☆ امام احمد بن حنبلؒ نے یہ روایت ایک مقام پر شہر بن حوشب کی سند کے ساتھ نقل کی ہے:

حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ:حَدَّثَنَا أَبُو كَعْبٍ،صَاحِبُ الْحَرِيرِ،قَالَ:حَدَّثَنِي شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ، قَالَ: قُلْتُ لِأُمِّ سَلَمَةَ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ،مَا كَانَ أَكْثَرَ دُعَاءِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ عِنْدَكِ؟ قَالَتْ كَانَ أَكْثَرُ دُعَائِهِ:"يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ، ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ " قَالَتْ: فَقُلْتُ لَهُ: يَا رَسُولَ اللهِ، مَا أَكْثَرَ دُعَاءَكَ: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ، ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى

دِينِكَ؟ قَالَ: " يَا أُمَّ سَلَمَةَ، إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ آدَمِيٍّ، إِلَّا وَقَلْبُهُ بَيْنَ أُصْبُعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ مَا شَاءَ أَقَامَ، وَمَا شَاءَ أَزَاغَ ". قَالَ عَبْدُ اللهِ: سَأَلْتُ أَبِي: عَنْ أَبِي كَعْبٍ؟ فَقَالَ: " ثِقَةٌ، وَاسْمُهُ عَبْدُ رَبِّهِ ابْنُ عُبَيْدٍ "[42] امام احمد نے اس حدیث کو حضرت انس کی سند کے ساتھ دیگر مقامات پر نقل کیا ہے۔[43]

☆ شعیب الارنؤوط نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔[44]

☆ امام ترمذی نے یہ روایت یوں نقل کی ہے:

حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى الأَنْصَارِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، عَنْ أَبِي كَعْبٍ صَاحِبِ الحَرِيرِ قَالَ: حَدَّثَنِي شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ، قَالَ: قُلْتُ لِأُمِّ سَلَمَةَ: يَا أُمَّ المُؤْمِنِينَ مَا كَانَ أَكْثَرُ دُعَاءِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ عِنْدَكِ؟ قَالَتْ: كَانَ أَكْثَرُ دُعَائِهِ: يَا مُقَلِّبَ القُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ " قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا لِأَكْثَرِ دُعَائِكَ يَا مُقَلِّبَ القُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ؟ قَالَ: «يَا أُمَّ سَلَمَةَ إِنَّهُ لَيْسَ آدَمِيٌّ إِلَّا وَقَلْبُهُ بَيْنَ أُصْبُعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ اللَّهِ، فَمَنْ شَاءَ أَقَامَ، وَمَنْ شَاءَ أَزَاغَ». فَتَلَا مُعَاذٌ {رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا} [آل عمران: ٨]. وَفِي البَابِ عَنْ عَائِشَةَ، وَالنَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ، وَأَنَسٍ، وَجَابِرٍ، وَعَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، وَنُعَيْمِ بْنِ هَمَّارٍ[45]

☆ اس حدیث کو امام ترمذی نے حسن اور علامہ البانی نے اس پر صحیح کا حکم لگایا ہے۔[46]

## ب۔ مرویاتِ عبداللہ بن المبارکؒ (متوفی ۱۸۱ھ)

حضرت عبداللہ بن مبارکؒ دوسری صدی ہجری کی نابغہ روزگار شخصیت تھے۔ آپؒ کا شمار تبع تابعین میں ہوتا ہے۔ آپؒ کو ہر فن میں کامل دسترس حاصل تھی۔ آپؒ بیک وقت محدث، مفسر، فقیہہ، مجاہد، صوفی تھے۔ آپؒ کا پورا نام ابو عبدالرحمن عبداللہ بن مبارکؒ المروزی ہے۔ آپؒ خراسان کے دوسرے طبقے کے جلیل القدر علماء و ثقہ محدثین میں سے تھے۔ آپؒ نے علم کے حصول کی خاطر یمن، مصر، شام اور بصرہ کا سفر اختیار کیا۔ آپؒ نے 181 ھ رمضان المبارک میں وفات پائی۔[47]

آپؒ کے صوفی ہونے اور آپ کی محدثانہ بصیرت کے بارے میں ائمہ کے مختلف اقوال ملتے ہیں۔ جیسا کہ عجلی نے آپ کو ثقہ اور ثبت قرار دیا ہے۔[48] اسی طرح ایک آدمی نے یحیی بن معینؒ کے پاس عبداللہ بن مبارکؒ کے بارے میں کہا کہ وہ حافظ نہیں تھے۔ اس پر آپ نے جواب دیا: عبداللہ بن مبارکؒ ثقہ، ثبت، معتبر اور صحیح الحدیث عالم تھے۔[49] ابوزرعہ نے آپ کو قدوہ، زاہد، مجاہد، ثقہ، ثبت اور فقیہہ قرار دیا ہے۔[50] سفیان بن عیینہؒ نے آپؒ کو فقیہہ، عالم، عابد، زاہد، سخی، شجاع اور شاعر کہا ہے۔[51] آپؒ سے مروی روایات کی تعداد یوں تو بہت ہے لیکن ان میں چند درج ذیل ہیں:

1. حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ المُبَارَكِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَيْمُونٍ الجَزَرِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: «كُنْتُ أَغْسِلُ الجَنَابَةَ مِنْ ثَوْبِ النَّبِيِّ ﷺ، فَيَخْرُجُ إِلَى الصَّلَاةِ، وَإِنَّ بُقَعَ المَاءِ فِي ثَوْبِهِ»[52]

**حکم**

☆ علامہ البانی نے اس حدیث پر صحیح کا حکم لگایا ہے۔[53]

2. حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، وحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللَّهِ هُوَ ابْنُ المُبَارَكِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي حَفْصَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانُوا يَصُومُونَ عَاشُورَاءَ قَبْلَ أَنْ يُفْرَضَ رَمَضَانُ، وَكَانَ يَوْمًا تُسْتَرُ فِيهِ الكَعْبَةُ، فَلَمَّا فَرَضَ اللَّهُ رَمَضَانَ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: «مَنْ شَاءَ أَنْ يَصُومَهُ فَلْيَصُمْهُ، وَمَنْ شَاءَ أَنْ يَتْرُكَهُ فَلْيَتْرُكْهُ»[54]

**حکم**

☆ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

☆ امام مسلم نے یہ حدیث قدرے الفاظ کے فرق کے ساتھ یوں نقل کی ہے:

حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ نُمَيْرٍ، ح وحَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، - وَاللَّفْظُ لَهُ - حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ، عَنْ نَافِعٍ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، أَنَّ أَهْلَ الْجَاهِلِيَّةِ كَانُوا يَصُومُونَ يَوْمَ عَاشُورَاءَ، وَأَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَامَهُ، وَالْمُسْلِمُونَ قَبْلَ أَنْ يُفْتَرَضَ رَمَضَانُ، فَلَمَّا افْتُرِضَ رَمَضَانُ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «إِنَّ عَاشُورَاءَ يَوْمٌ مِنْ أَيَّامِ اللهِ، فَمَنْ شَاءَ صَامَهُ وَمَنْ شَاءَ تَرَكَهُ»[55]

**3.** حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبَانَ، أَخْبَرَنَا ابْنُ المُبَارَكِ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ: «لَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ»[56]

**حکم:**

☆ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

☆ امام بخاری نے یہ حدیث مختلف طرق کے ساتھ مختلف مقامات پر نقل کی ہے۔[57]

☆ امام مسلم نے یہ حدیث حضرت عبد اللہ بن مبارکؒ کی سند کے ساتھ اپنی صحیح میں نقل کی ہے[58] نیز اس کے علاوہ دیگر طرق سے بھی صحیح مسلم میں مذکور ہے۔[59]

**4.** حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ ابْنِ المُبَارَكِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: أَكْثَرُ مَا كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يَحْلِفُ: «لَا وَمُقَلِّبِ القُلُوبِ»[60]

**حکم:**

☆ امام ابو داؤد اور امام ترمذی نے یہ روایت حضرت عبد اللہ بن مبارکؒ کی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔[61]

☆ امام ترمذی نے اس حدیث کو حسن صحیح قرار دیا ہے اور علامہ البانی نے اس پر صحیح کا حکم لگایا ہے۔[62]

**5.** وحَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عِيسَى، أَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، أَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَكَمَ بْنَ عُتَيْبَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ قَالَ: «مُعَقِّبَاتٌ لَا يَخِيبُ قَائِلُهُنَّ - أَوْ فَاعِلُهُنَّ - دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ مَكْتُوبَةٍ، ثَلَاثٌ وَثَلَاثُونَ تَسْبِيحَةً، وَثَلَاثٌ وَثَلَاثُونَ تَحْمِيدَةً، وَأَرْبَعٌ وَثَلَاثُونَ تَكْبِيرَةً» [63]

**حکم:**

☆ امام ترمذی نے یہ روایت الفاظ اور سند کے قدرے فرق کے ساتھ نقل کی ہے:

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سَمُرَةَ الأَحْمَسِيُّ الكُوفِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا أَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ قَيْسٍ المُلَائِيُّ، عَنْ الحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «مُعَقِّبَاتٌ لَا يَخِيبُ قَائِلُهُنَّ، تُسَبِّحُ اللَّهَ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَتَحْمَدُهُ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَتُكَبِّرُهُ أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ».[64]

☆ امام ترمذی نے اس حدیث کو حسن اور علامہ البانی نے اس کو صحیح قرار دیا ہے۔[65]

## ج. مرویاتِ فضیل بن عیاضؒ (متوفی ۱۸۷ھ)

حضرت فضیل ابن عیاضؒ دوسری صدی کے عظیم صوفی، صاحب زہد و ورع، واعظ اور محدث ہیں۔ ان کی شخصیت نہ صرف صوفیانہ فکر کی حامل ہے بلکہ بطور ثقہ راوی بھی معتبر ہے۔ آپؒ کا پورا نام ابو علی فضیل بن عیاض بن مسعود بن بشر تمیمی ہے۔ آپؒ کا تعلق بنی تمیم سے تھا۔ آپؒ کی ولادت سمرقند میں ہوئی اور ابو ورد کے مقام پر پرورش پائی۔ آپؒ نے کوفہ میرے نشو ونما پائی اور وہیں حدیث کی کتابت کی۔ بعد ازاں مکہ مکرمہ منتقل ہوئے اور وہیں187 ھ میں وفات پائی۔[66]

آپؒ کی علمی وجاہت اور ثقہ راوی ہونے کے حوالے سے ائمہ کے مختلف اقوال ملتے ہیں جیسا کہ ابراہیم بن محمد شافعیؒ نے سفیان بن عیینہؒ کو فرماتے ہوئے سنا کہ فضیل بن عیاضؒ ثقہ ہیں۔[67] اسی طرح عجلی نے کہا :فضیل بن عیاض کوفی، ثقہ، متعبد(عبادت گزار) اور صالح شخص تھے۔[68] علامہ ذہبیؒ نے بھی آپ کو زاہد ،ثقہ و معتبر راویوں میں گردانا ہے۔[69] سب ائمہ کرام نے آپ کو ثقہ قرار دیا ہے۔کسی نے کوئی کلمات جرح نہیں کہے بلکہ سب کے ہاں توثیق کے کلمات ملتے ہیں۔ آپؒ سے مروی احادیث تعداد کثیر ہے ان میں سے چند درج ذیل ہیں:

**1.** حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، سَمِعَ يَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، حَدَّثَنِي مَنْصُورٌ، وَسُلَيْمَانُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبِيدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ: أَنَّ يَهُودِيًّا جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، إِنَّ اللَّهَ يُمْسِكُ السَّمَوَاتِ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالأَرَضِينَ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالجِبَالَ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالشَّجَرَ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالخَلَائِقَ عَلَى إِصْبَعٍ، ثُمَّ يَقُولُ: أَنَا المَلِكُ. «فَضَحِكَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ»، ثُمَّ قَرَأَ: {وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ} [الأنعام: ٩١]، قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ: وَزَادَ فِيهِ فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبِيدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ فَضَحِكَ رَسُولُ اللهِ ﷺ تَعَجُّبًا وَتَصْدِيقًا لَهُ[70]

**حکم:**

☆ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

☆ امام مسلم نے ان الفاظ میں یہ روایت نقل کی ہے:

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ يُونُسَ، حَدَّثَنَا فُضَيْلٌ يَعْنِي ابْنَ عِيَاضٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ،عَنْ عَبِيدَةَ السَّلْمَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ،قَالَ:جَاءَ حَبْرٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ أَوْ يَا أَبَا الْقَاسِمِ إِنَّ اللهَ تَعَالَى يُمْسِكُ السَّمَاوَاتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالْأَرَضِينَ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالْجِبَالَ وَالشَّجَرَ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالْمَاءَ وَالثَّرَى عَلَى إِصْبَعٍ، وَسَائِرَ الْخَلْقِ عَلَى إِصْبَعٍ، ثُمَّ يَهُزُّهُنَّ، فَيَقُولُ: أَنَا الْمَلِكُ، أَنَا الْمَلِكُ، فَضَحِكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَجُّبًا مِمَّا قَالَ الْحَبْرُ، تَصْدِيقًا لَهُ، ثُمَّ قَرَأَ:{وَمَا قَدَرُوا اللهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمَوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ}[71]

☆ شعیب الارنؤوط نے اس کی سند کو شیخین کی شرط پر صحیح قرار دیا ہے۔[72]

☆ امام ترمذی نے یہ حدیث ان الفاظ و سند کے ساتھ نقل کی ہے:

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبِيدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: «فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَجُّبًا وَتَصْدِيقًا».[73]

☆ اس حدیث کو حسن صحیح قرار دیا ہے۔[74]

**2.** حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، فِيمَا قُرِئَ عَلَيْهِ، ح وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى، قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ ﷺ أَنَّهَا قَالَتْ: «مَا خُيِّرَ رَسُولُ اللهِ ﷺ بَيْنَ أَمْرَيْنِ -------- ﷺ لِنَفْسِهِ، إِلَّا أَنْ تُنْتَهَكَ حُرْمَةُ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ»

وَحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ جَمِيعًا، عَنْ جَرِيرٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ كِلَاهُمَا، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ فِي رِوَايَةِ فُضَيْلٍ ابْنُ شِهَابٍ، وَفِي رِوَايَةِ جَرِيرٍ، مُحَمَّدٌ الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ.[75]

**حکم:**

☆ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

☆ امام بخاری نے قدرے الفاظ اور سند کے فرق کے ساتھ یوں بیان کی ہے:

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، أَخْبَرَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، أَنَّهَا قَالَتْ: «مَا خُيِّرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَمْرَيْنِ إِلَّا أَخَذَ أَيْسَرَهُمَا، مَا لَمْ يَكُنْ إِثْمًا، فَإِنْ كَانَ إِثْمًا كَانَ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنْهُ، وَمَا انْتَقَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهِ إِلَّا أَنْ تُنْتَهَكَ حُرْمَةُ اللَّهِ، فَيَنْتَقِمَ لِلَّهِ بِهَا»[76] دوسرے مقام پر عبد اللہ بن مسلمہ کی سند کے ساتھ روایت نقل کی ہے۔[77]

☆ فضیل بن عیاض کی سند کو صرف امام مسلم نے نقل کی ہے جیسا کہ مذکورہ حدیث میں درج ہے۔

**3.** وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، ح وَحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ - وَاللَّفْظُ لَهُ - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ شَقِيقٍ أَبِي وَائِلٍ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللهِ يُذَكِّرُنَا كُلَّ يَوْمِ خَمِيسٍ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِنَّا نُحِبُّ حَدِيثَكَ وَنَشْتَهِيهِ، وَلَوَدِدْنَا أَنَّكَ حَدَّثْتَنَا كُلَّ يَوْمٍ، فَقَالَ: مَا يَمْنَعُنِي أَنْ أُحَدِّثَكُمْ إِلَّا كَرَاهِيَةُ أَنْ أُمِلَّكُمْ، «إِنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ كَانَ يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ فِي الْأَيَّامِ، كَرَاهِيَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا»[78]

**حکم:**

☆ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

☆ امام بخاری نے روایت یوں نقل کی ہے:

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ «يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ فِي الأَيَّامِ، كَرَاهَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا»[79] ایک دوسرے مقام پر عمر بن حفص کی سند کے ساتھ یہ روایت الفاظ کے قدرے فرق کے ساتھ نقل کی ہے۔[80]

☆ امام مسلم نے صرف یہ حدیث فضیل بن عیاض کی سند کے ساتھ نقل کی ہے جیسا کہ مذکورہ حدیث میں درج ہے۔

**4.** حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، قَالَ: كُنَّا نُزُولًا فِي دَارِ سُوَيْدِ بْنِ مُقَرِّنٍ وَفِينَا شَيْخٌ فِيهِ حِدَّةٌ وَمَعَهُ جَارِيَةٌ لَهُ، فَلَطَمَ وَجْهَهَا فَمَا رَأَيْتُ سُوَيْدًا أَشَدَّ غَضَبًا مِنْهُ ذَاكَ الْيَوْمَ، قَالَ: عَجَزَ عَلَيْكَ إِلَّا حُرُّ وَجْهِهَا لَقَدْ رَأَيْتُنَا سَابِعَ سَبْعَةٍ مِنْ وَلَدِ مُقَرِّنٍ، وَمَا لَنَا إِلَّا خَادِمٌ، فَلَطَمَ أَصْغَرُنَا وَجْهَهَا، «فَأَمَرَنَا النَّبِيُّ ﷺ بِعِتْقِهَا»[81]

**حکم:**

☆ شعیب الارنوؤط نے بھی اس حدیث کی سند کو صحیح قرار دیا ہے۔[82]

**5.** حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، نا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، نا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ ثَوْرٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: «إِنَّ اللَّهَ كَرِيمٌ يُحِبُّ الْكَرَمَ وَمَعَالِيَ الْأَخْلَاقِ، وَيُبْغِضُ سَفْسَافَهَا»[83]

**حکم:**

☆ امام حاکم نے اس روایت کو صحیح الاسناد قرار دیا ہے۔[84]

**6.** أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ: أَنْبَأَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ أَوْسِ بْنِ ضَمْعَجٍ، عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: «يَؤُمُّ الْقَوْمَ أَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللَّهِ، فَإِنْ كَانُوا فِي الْقِرَاءَةِ سَوَاءً فَأَقْدَمُهُمْ فِي الْهِجْرَةِ، فَإِنْ كَانُوا فِي الْهِجْرَةِ سَوَاءً فَأَعْلَمُهُمْ بِالسُّنَّةِ، فَإِنْ كَانُوا فِي السُّنَّةِ سَوَاءً فَأَقْدَمُهُمْ سِنًّا، وَلَا تَؤُمَّ الرَّجُلَ فِي سُلْطَانِهِ وَلَا تَقْعُدْ عَلَى تَكْرِمَتِهِ إِلَّا أَنْ يَأْذَنَ لَكَ»[85]

**حکم:**

☆ امام مسلم نے قدرے سند کے فرق کے ساتھ یہ روایت نقل کی ہے:

وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَابْنُ بَشَّارٍ، قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ رَجَاءٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَوْسَ بْنَ ضَمْعَجٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبَا مَسْعُودٍ، يَقُولُ: قَالَ لَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «يَؤُمُّ الْقَوْمَ أَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللهِ، وَأَقْدَمُهُمْ قِرَاءَةً، فَإِنْ كَانَتْ قِرَاءَتُهُمْ سَوَاءً، فَلْيَؤُمَّهُمْ أَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً، فَإِنْ كَانُوا فِي الْهِجْرَةِ سَوَاءً، فَلْيَؤُمَّهُمْ أَكْبَرُهُمْ سِنًّا، وَلَا تَؤُمَّنَّ الرَّجُلَ فِي أَهْلِهِ، وَلَا فِي سُلْطَانِهِ، وَلَا تَجْلِسْ عَلَى تَكْرِمَتِهِ فِي بَيْتِهِ إِلَّا أَنْ يَأْذَنَ لَكَ، أَوْ بِإِذْنِهِ»[86]

☆ فضیل بن عیاض کی سند کے ساتھ یہ روایت صحاح ستہ میں سے صرف سنن نسائی میں منقول ہے جسے علامہ البانی نے صحیح قرار دیا ہے۔[87]

## د. مرویاتِ بشر بن حارث الحافیؒ (متوفی ۲۲۷ھ)

بشر حافیؒ کا شمار دوسری صدی ہجری کے عظیم صوفیہ، شاہدین اور محدثین میں ہوتا ہے۔ آپؒ سے مروی احادیث کتب حدیث میں منقول ہیں۔ آپؒ کا پورا نام ابو نصر بشر بن الحارث حافی تھا۔ آپؒ نے جن محدثین کی سند سے احادیث روایت کی ہیں ان میں یحیی بن یمان، عبداللہ بن داوَدؒ، خریبیؒ، فضیل بن عیاضؒ، معافی بن عمران موصلیؒ، عبدالرحمن مہدیؒ، حماد بن زیدؒ، عبداللہ بن مبارکؒ، عیسی بن یونس شریکؒ وغیرہ شامل ہیں۔ جن حضرات نے آپؒ سے روایت کیا ہے ان میں ابو نشیط محمد بن ہارون بغدادیؒ، احمد بن ابراہیم دورقیؒ، محمد بن یوسف جوہریؒ، محمد مثنیؒ وغیرہ شامل ہیں۔ آپ اصلا خراسان کے علاقے "مرو" سے تھے۔ آپؒ نے بغداد میں ماہ ربیع الاول 227ھ کو وفات پائی۔[88]

آپؒ کی علمی وجاہت ثقاہت یہ حوالے سے اہل علم حضرات نے درج ذیل آراء پیش کی ہیں۔ ابو عبدالرحمن سلمیؒ نے امام دار قطنی ؒ سے بشر بن حارث الحافی ؒ کے بارے میں دریافت کیا تو دار قطنی ؒ نے جواب دیا کہ وہ زاہد، پہاڑ کی مانند اور ثقہ تھے نیز یہ بھی فرمایا کہ وہ صرف صحیح حدیث روایت کرنے والے تھے۔[89] یحیی بن اکثم کہتے ہیں کہ مامون (عباسی خلیفہ) نے مجھ سے کہا کہ اس خطے میں بشر جیسا کوئی نہیں تھا۔[90] آپؒ سے مروی روایات میں چند درج ذیل ہیں:

**1.** حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا بَيَانُ بْنُ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ، حَدَّثَنِي بِشْرُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ: ثَلَاثٌ لَا يُحَاسَبُ بِهِنَّ الْعَبْدُ: ظِلُّ خُصٍّ يَسْتَظِلُّ بِهِ، وَكِسْرَةٌ يَشُدُّ بِهَا صُلْبَهُ، وَثَوْبٌ يُوَارِي عَوْرَتَهُ۔[91]

**حکم:**

☆ علامہ جلال الدین سیوطی نے کہا کہ "الزہد" میں یہ روایت حسن بصری سے مرسلاً نقل کی گئی ہے۔[92]

☆ مسند احمد میں اس سے قدرے فرق کے ساتھ یہ روایت نقل کی گئی ہے:

حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا حُرَيْثُ بْنُ السَّائِبِ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي حُمْرَانُ: عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " كُلُّ شَيْءٍ سِوَى ظِلِّ بَيْتٍ، وَجِلْفِ الْخُبْزِ، وَثَوْبٍ يُوَارِي عَوْرَتَهُ، وَالْمَاءِ، فَمَا فَضَلَ عَنْ هَذَا فَلَيْسَ لِابْنِ آدَمَ فِيهِ حَقٌّ "[93]

☆ شعیب الارنؤوط نے اس حدیث کی سند کو ضعیف قرار دیا ہے۔[94]
☆ امام ترمذی نے یہ روایت ان الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے:

حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُرَيْثُ بْنُ السَّائِبِ، قَالَ: سَمِعْتُ الحَسَنَ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي حُمْرَانُ بْنُ أَبَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ لِابْنِ آدَمَ حَقٌّ فِي سِوَى هَذِهِ الخِصَالِ، بَيْتٌ يَسْكُنُهُ وَثَوْبٌ يُوَارِي عَوْرَتَهُ وَجِلْفُ الخُبْزِ وَالمَاءِ.[95]

☆ امام ترمذی نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے۔[96]
☆ امام حاکم نے حضرت عثمان سے مروی روایت کو صحیح الاسناد قرار دیا ہے اور علامہ ذہبی نے بھی اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے۔[97]

**2.** أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرٍ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو الْفَتْحِ السِّمْسَارُ، قَالَ : حَدَّثَنِي بِشْرُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: ثَنَا أَبُو هِلَالٍ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ مَسْلَمَةَ بْنِ مُخَلَّدٍ، قَالَ: رَأَى مُعَاوِيَةَ يَأْكُلُ، أَوْ حَدَّثَهُ مَسْلَمَةُ، عَنْ رَجُلٍ، قَالَ: رَأَى مُعَاوِيَةَ يَأْكُلُ، قَالَ: فَقَالَ لِعَمْرِو بْنِ الْعَاصِ: إِنَّ ابْنَ عَمِّكَ هَذَا الْمُخَضَّدُ، قَالَ: أَمَا إِنِّي أَقُولُ وَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ: «اللَّهُمَّ عَلِّمْهُ الْكِتَابَ، وَمَكِّنْهُ فِي الْبِلَادِ، وَقِهِ الْعَذَابَ»[98]

**حکم:**

☆ مسند احمد میں یہ روایت ان الفاظ اور سند کے ساتھ منقول ہے:

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ يَعْنِي ابْنَ صَالِحٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ سَيْفٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِي رُهْمٍ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ السُّلَمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَدْعُو إِلَى السَّحُورِ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ: " هَلُمَّ إِلَى الْغِدَاءِ الْمُبَارَكِ "ثُمَّ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: " اللهُمَّ عَلِّمْ مُعَاوِيَةَ الْكِتَابَ وَالْحِسَابَ وَقِهِ الْعَذَابَ "[99]

☆ شعیب الارنؤوط نے اس روایت کو حسن اور سند کو ضعیف قرار دیا ہے۔[100]
☆ امام بخاری نے اس روایت کو تاریخ الکبیر میں نقل کی ہے۔[101] علامہ ذہبی نے اس روایت کو صحیح قرار دیا ہے۔[102]
☆ امام ابن خزیمہ نے اس روایت کو اپنی صحیح میں نقل کیا ہے اور علامہ البانی نے اس پر حکم لگاتے ہوئے صحیح جب کہ اس کی سند کو ضعیف قرار دیا ہے۔[103]

